**02.04.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... شبانہ رحمان

**Music**

1- سرکار نے لوک سبھا میں وقف ترمیمی بل2025 پیش کردیا ہے۔ اقلیتی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا ہے کہ مسلمانوں کے مذہبی رسم ورواج اور طور طریقوں سے اِس کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ یہ بل صرف وقف املاک سے تعلق رکھتا ہے۔

☆ 2024-25 کے مالی سال کے دوران گورنمنٹ ای- مارکیٹ پلیس کے توسط سے دس لاکھ سے زیادہ افرادی قوت کی خدمات حاصل کی گئیں۔

☆ امریکہ کے صدر دونالڈ ٹرمپ آج سے نئے محصولات لاگو کریں گے۔ کل سے موٹر گاڑیوں کی درآمد پر 25 فیصد محصول نافذ ہوجائے گا۔

☆ اسرائیل غزہ میں فلسطینیوں کو کثیر تعداد میں بے دخل کرنے کے بعد وہاں فوجی کارروائی میں توسیع کرے گا۔

☆ اور آج شام بنگلورو کے ایم چنا سوامی اسٹیڈیم میں آئی پی ایل کرکٹ ٹورنامنٹ میں رائل چیلنجرس بنگلورو کا گجرات ٹائٹنس سے سامنا ہوگا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**LS-WAQF**

مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کی طرف سے پیش کی گئی رپورٹ پر مبنی وقف ترمیمی بل 2025 آج لوک سبھا میں غور وخوض اور منظوری کے لیے پیش کیا گیا۔ بل پیش کرتے ہوئے اقلیتی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے کہا کہ اِس بل کا مسلمانوں کے مذہبی رسم ورواج سے کوئی تعلق نہیں ہے اور اِس کا تعلق صرف وقف بورڈ کی املاک سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکار وقف بورڈ کو جامع اور سیکولر بنانا چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس قانون کا تعلق مساجد کے انتظامات سے نہیں ہے۔

وزیر موصوف نے کہا کہ موجودہ بل کے مطابق وقف بورڈوں میں مسلمانوں کے مختلف فرقوں، خواتین، غیر مسلم اور دیگر

نمائندے شامل ہوں گے۔ انہوں نے اپوزیشن پر بل کے بارے میں عوام کو گمراہ کرنے کا الزام لگایا۔ انہوں نے کہا کہ 2013 میں یوپی اے کے دورِ حکومت میں وقف ایکٹ میں ترامیم کرکے دیگر قوانین کو بے اثر کردیا گیا تھا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ کانگریس کے اقتدار میں دلی کے اہم علاقوں میں واقع مجموعی طورپر 123 املاک کو دلی وقف بورڈ کو دے دیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ مشترکہ پارلیمانی کمیٹی اور سرکار نے قانون بناتے وقت بورڈ سے وابستہ مختلف افراد اور تنظیموں سے وسیع تر تبادلۂ خیال کیا ہے۔ کانگریس ممبران پارلیمنٹ پرمود تیواری نے کہا ہے کہ پوری اپوزیشن نے وقف بل میں ترامیم تجویز کی تھی، لیکن سرکار نے اُن سے اتفاق نہیں کیا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اگر اِسی شکل میں بل پیش کیا جاتا ہے کہ تو یہ بل بھارتی آئین کے بنیادی جذبے کے منافی ہوگا۔

سماجوادی پارٹی کے ممبر پارلیمنٹ اکھلیش یادو نے کہا ہے کہ پارٹی بل کی مخالفت کرے گی۔ انہوں نے الزام لگایا کہ بی جے پی وقف اراضی کو فروخت کردے گی، جیسا کہ اُس نے دفاع اور ریلوے کی زمین کے ساتھ کیا ہے۔ جے ڈی یو ایم پی سنجے جھا نے کہا ہے کہ اُن کی پارٹی ایوان میں بل کی حمایت کرے گی۔ انہوں نے الزام لگایا کہ بہار میں آر جے ڈی اور کانگریس کی حکومت میں مسلمانوں کی بہتری کے لیے کچھ نہیں کیا گیا۔

## <u>GeM-FY-25</u>

مالی سال 2024-25 میں ڈیجیٹل بھرتی پلیٹ فارم گورنامنٹ ای- مارکیٹ پلیس GeM کے ذریعے 10 لاکھ سے زیادہ لوگوں کو ہائر کیا گیا۔ GeM کے CEO اَجے Bhadoo نے اس کامیابی پر بات کرتے ہوئے کہا کہ اس پلیٹ فارم نے سرکار کو انتظامیہ کے مختلف مراحل پر مطلوب سبھی ممکنہ سروسز کی بھرتی کیلئے ڈیجیٹل صلاحیتوں کا مؤثر استعمال کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سرکاری اداروں میں انسانی وسائل کی بھرتی کی یہ خدمات نہ صرف بھرتی کے عمل کو آسان بناتی ہے بلکہ جامع اور سروس کی سطح کے وسیع سمجھوتوں کے ذریعہ لیبر سے متعلق ضابطوں کو بھی یقینی بناتی ہے۔ اس دوران تجارت وصنعت کی وزارت نے کہا ہے کہ یہ کامیابیاں شفاف اور مؤثر عمل کے ذریعہ لوگوں کی بھرتی میں تبدیلی لانے کے تئیں GeM کے عزم کو اُجاگر کرتی ہیں۔×

## <u>J&K AMIT SHAH</u>

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ سکیورٹی کی صورتحال کا جائزہ لینے اور سکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ بات چیت کیلئے اس مہینے کی 7 اور 8 تاریخ کو جموں وکشمیر کا دورہ کریں گے۔ اپنے دورے کے دوران جناب شاہ امن وقانون کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے ایک اعلیٰ سطحی سکیورٹی جائزہ میٹنگ کی صدارت کریں گے۔ پولیس، مرکزی مسلح پولیس فورسز (CAPFs) اور انٹیلیجنس ایجنسیوں کے سینئر حکام میٹنگ میں شرکت کریں گے۔

بات چیت کے دوران انسداد دہشت گردی سے متعلق کارروائیوں، سرحد پار دراندازی کی کوششوں اور جموں وکشمیر میں سکیورٹی کے مجموعی منظرنامے پر توجہ مرکوز رہنے کا امکان ہے۔ جائزہ میٹنگ کے ساتھ ساتھ توقع ہے کہ وزیر داخلہ سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لینے اور تعینات فورسز کا حوصلہ بڑھانے کیلئے بین الاقوامی سرحد سے متصل اگلی چوکیوں کا بھی دورہ کریں گے۔ وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ جناب شاہ جموں وکشمیر کے اپنے دورے کے دوران مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ اُن کا یہ دورہ محض سکیورٹی صورتحال کا جائزہ لینے پر ہی مرکوز نہیں ہے۔×

## J&K NEW CRIMINAL LAW

مرکز نے جموں وکشمیر میں تین نئے فوجداری قوانین کے مکمل نفاذ کیلئے کمیٹیاں تشکیل دی ہیں۔ داخلی اُمور کے مرکزی وزیر مملکت نتیانند رائے نے تحریری جواب میں لوک سبھا میں بتایا کہ مرکزی حکومت نے جموں وکشمیر کے چیف سکریٹری کے زیر قیادت ایک قائمہ کمیٹی اور ڈائریکٹر جنرل آف پولیس کے زیر قیادت ایک اختیاراتی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ پولیس اکیڈمی، پولیس ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ، ضلع پولیس لائنس بٹالین ٹریننگ سینٹرس میں تربیتی پروگراموں کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ نئے فوجداری قوانین کا اردو، ڈوگری اور کشمیری زبانوں میں ترجمے کا کام مکمل ہوچکا ہے۔×

## JAMMU KASHMIR SEARCH OPERATION

جموں وکشمیر میں سکیورٹی فورس, نے کٹھوا ضلع میں گھاٹی اور بلاوَر کے پہاڑی علاقوں کے درمیان واقع Panjtirthi میں آج دوسرے دن بھی تلاش کی کارروائیاں جاری رکھیں۔ آکاشوانی جموں نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ گزشتہ رات سکیورٹی فورسز اور اُن دہشت گردوں کے درمیان آمنے سامنے کی شدید فائرنگ کے بعد تلاش کی کارروائی شروع کی گئی تھی، جو ہفتہ کی شام کو جاکھول علاقے میں Sui گاؤں سے فرار ہو گئے تھے۔ پولیس کے ڈائریکٹر جنرل Nalin Prabhat اور پولیس کے انسپکٹر جنرل بھیم سین ٹوٹی نے کل بھلاور کے نزدیک Panjtirthi کا بھی دورہ کیا اور تین دہشت گردوں کا پتہ لگانے کے لیے جاری کارروائی کا جائزہ لیا۔ مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔×

## OVER ALL MYANMAR QUAKE

میانما میں پچھلے ہفتے کے تباہ کُن زلزلے میں مرنے والوں کی تعداد 2 ہزار 700 سے زیادہ ہوگئی ہے۔ میانما کے فوجی رہنما Min Aung Hlaing نے کل ٹیلی ویژن پر اپنے خطاب میں کہاکہ یہ تعداد 2 ہزار 719 ہوگئی ہے اور امکان ہے کہ یہ تین ہزار سے زیادہ ہوجائے۔ انہوں نے کہاکہ چار ہزار 521 افراد زخمی ہوئے ہیں اور 441 افراد لاپتہ ہیں۔ اسی دوران ملک میں بچاؤ کا کام زور شور سے جاری ہے۔

بھارت نے ضروری مدد فراہم کرنے کیلئے آپریشن برہمّا شروع کیا ہے، جس میں تلاش اور بچاؤ، انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد، قدرتی آفات کی صورت میں راحت اور طبی امداد شامل ہے۔ بھارت نے ابھی تک انسانی ہمدردی کی بنیاد پر 625 میٹرک ٹن امداد اور قدرتی آفات کی صورت میں راحت کا سامان بھیجا ہے۔ برہمّا آپریشن کے تحت یہ سامان 6 طیاروں اور 6 بھارتی بحری جہازوں کے ذریعے پہنچایا گیاہے۔ وزارت خارجہ نے کہاہے کہ ایک بھارتی طبی دستے نے فوجی فیلڈ اسپتال قائم کیا ہے، جس میں ابھی تک 104 لوگوں کا علاج معالجہ کیا گیاہے اور دو بڑے آپریشن کیے گئے ہیں۔ وزارت نے بتایاکہ NDRF، گنگا گھاٹ مندر پر تلاش اور بچاؤ کا کام کر رہی ہے۔ x

## PUNJAB JALIANWALA BAGH

پنجاب میں گرمی کے موسم کے پیش نظر تاریخی جلیاں والا باغ کا دورہ کرنے کے اوقات آج سے تبدیل کر دیے گئے ہیں۔ سرکاری ذرائع کے مطابق اب یہ صبح ساڑے چھ بجے سے شام سات بجے تک کھلے گا۔ تاہم پنجابی زبان میں لائٹ اینڈ ساؤنڈ شو پروگرام، شام سات بجے سے ساڑے سات بجے تک ہوگا اور ہندی میں یہ پروگرام شام سات بج کر 45 منٹ سے آٹھ بج کر 15 منٹ تک ہوگا۔ اسی طرح بھارت اور پاکستان کے درمیان اٹاری واگہہ مشترکہ جانچ چوکی پر ریٹریٹ تقریب کے وقت کو بھی تبدیل کر دیا گیا ہے۔ یہ تقریب شام ساڑے پانچ بجے شروع ہوگی۔x

## MANDAVIYA YOUTH PARLIAMENT

کھیل کود اور نوجوانوں کے امور کے وزیرمنسکھ مانڈویا نے ملک کے نوجوانوں پر زور دیا ہے کہ وہ 'ملک پہلے' جذبے کے ساتھ کام کرے۔ وہ آج نئی دلی میں وکست بھارت یوتھ پارلیمنٹ سے خطاب کررہے تھے۔ ڈاکٹر مانڈویا نے کہا کہ ملک کے نوجوان بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اِس دو روزہ تقریب کا مقصد وکست بھارت ہے، جس میں نوجوانوں سے کہا جارہا ہے کہ وہ ملک کی ترقی کے لیے کام کریں۔ ملک کے 300 اضلاع سے اِن نوجوانوں کو منتخب کیا گیا ہے اور یوتھ پارلیمنٹ ملک کے جمہوری نظام اور مزاج کو سمجھنے کا موقع فراہم کرے گی۔

## MAHA-ACCIDENT

مہاراشٹر میں آج Shahaur Buldhana قومی شاہراہ پر ہوئے ایک سڑک حادثے میں پانچ افراد کی جائے حادثہ پر ہی موت ہوگئی اور 26 زخمی ہو گئے۔ یہ حادثہ اُس وقت پیش آیا جب دو بسیں اور ایک کار آپس میں ٹکرا گئیں۔ سبھی زخمی مسافروں کو فوری طور پر Shahapur کے پرائمری ہیلتھ سینٹرمنتقل کر دیا گیا ہے۔ ابتدائی چھان بین سے پتہ چلا ہے کہ ٹیمپو کی رفتار زیادہ تھی۔x

**MAHA-MoU**

مہاراشٹر حکومت نے ممبئی، پونے اور ناگپور میں مصنوعی ذہانت AI کے مہارت کے تین مراکز قائم کرنے کی خاطر اہمیت کی حامل شراکت داری کیلئے مائیکرو سافٹ کارپوریشن کے ساتھ مفاہمت کے ایک اقرار نامے پر دستخط کئے ہیں، تاکہ ریاستی انتظامیہ میں AI ٹیکنالوجیز کو اختیار کئے جانے کو بڑھایا جاسکے۔ Geospatial اینلاٹکس کا ممبئی مرکز چیف سکریٹری کے دفتر میں اس کی میزبانی کرے گا اور جدید قسم کی Geospatial اینلاٹکس صلاحیتیں فراہم کرے گی۔×

**TRUMP-GLOBAL TARIFFS**

وہائٹ ہاؤس نے اس خبر کی تصدیق کی ہے کہ امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ آج نئے محصول عائد کریں گے۔ وہائٹ ہاؤس کی ترجمان Karline Leavitt نے کہا ہے کہ دوسرے ملکوں نے امریکی مال پر جس طرح کا محصول لگایا ہے، اُسی طرح کا محصول ٹرمپ انتظامیہ کے اعلان کے فوراً بعد نافذ ہوجائے گا۔ البتہ موٹر گاڑیوں کی درآمد پر کل سے 25 فیصد محصول لاگو ہوگا۔ اس سے پہلے جناب ٹرمپ نے 2 اپریل کو آزادی کا دن قرار دیا تھا، کیونکہ اُس دن امریکہ کو محصول کی وجہ سے غیر ملکی مال کے انحصار سے نجات مل جائے گی۔ انہوں نے کہا تھا کہ تمام ملکوں پر محصول عائد کیا جائے گا۔

**ISRAEL-GAZA**

اسرائیل کے وزیر دفاع Israel Katz نے کہا ہے کہ ملیٹری غزہ اور Territory کے بڑے علاقوں میں اپنی کارروائیوں کو بڑھائے گی۔ ایک بیان میں جناب Katz نے کہا کہ آپریشن کو وسعت دینے کا مقصد دہشت گردوں کے علاقے کو تباہ کرنا اور دہشت گردی کے بنیادی ڈھانچے کو ختم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ محصور علاقوں کو اسرائیل کے سکیورٹی زونس میں شامل کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس کیلئے فلسطینیوں کے بڑے پیمانے پر انخلاء کی ضرورت ہوگی۔ انہوں نے لوگوں پر زور دیا ہے کہ وہ حماس کو ختم کریں اور اسرائیل کے یرغمالیوں کو رہا کریں۔ انہوں نے کہا کہ جنگ ختم کرنے کا واحد یہی راستہ ہے۔×

**IPL-CRICKET**

IPL کرکٹ ٹورنامنٹ میں آج بینگلورو کے ایم۔چنا سوامی اسٹیڈیم میں رائل چیلنجرس بینگلورو کا مقابلہ گجرات ٹائٹنس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔

کل شام لکھنو کے اِکانا کرکٹ اسٹیڈیم میں پنجاب کنگس نے لکھنو سپرجائنٹس کو 8 وکٹ سے شکست دی۔ پَر بھ سمرن سنگھ نے شاندار 69 رن بنائے۔ اِس سے پہلے پنجاب کنگس نے ٹاس جیتا اور گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ میزبان لکھنو سپر جائنٹس

نے مقررہ 20 اوورس میں 7 وکٹ پر 171 رن بنائے۔ جواب میں پنجاب کنگس نے 16 اوورس، دو گیندوں میں، دو وکٹ پر جیت کا نشانہ آسانی سے حاصل کرلیا۔ پَرَبھ سمرن سنگھ کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆